روزنامہ
# صحافت

## اختلاف رائے کو دبانا اچھی علامت نہیں ہے

اختلاف رائے کو دبانا اچھی علامت نہیں ہے۔ اس سے وہ شکوک مزید گہرے ہوں گے جن کا اظہار حزب اختلاف کے اراکین پارلیمنٹ الیکشن کمیشن میں جا کر کرنا چاہتے تھے یا جن کے لیے وہ پارلیمنٹ میں بحث کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اگر 25 اپوزیشن جماعتوں کے تقریباً 300 ارکان پارلیمنٹ اپنی شکایات کا اظہار کرنے کے لیے الیکشن کمیشن جانا چاہتے ہیں تو انہیں درمیان میں روکنا کسی بھی طرح سے جمہوری قدم نہیں کہا جا سکتا۔ قابل غور بات یہ ہے کہ یہ سبھی منتخب ممبران پارلیمنٹ ہیں، جو ملک کی ایک بڑی رائے عامہ کی نمائندگی کرتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس سے شروع ہونے والا مارچ کسی ایسے گروپ کا نہیں تھا، جو بے قابو ہو کر امن وامان کا مسئلہ پیدا کر سکتا ہے لیکن مرکز اور الیکشن کمیشن نے جو رویہ اختیار کیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپوزیشن کو انتخابی عمل میں جائز حصہ دار نہیں مانتے۔ وہ اپنے خیالات یا شکایتوں کو سننے کے قابل بھی نہیں سمجھتے! ورنہ مرکز بہار میں ووٹر لسٹ پر خصوصی نظر ثانی کے معاملے میں پارلیمنٹ میں بحث کرانے کے مطالبے کو مسترد نہ کرتا اور الیکشن کمیشن ایک غیر جانبدار آئینی ادارے کے طور پر برتاؤ کرنے کے بجائے اپوزیشن پارٹیوں کے ساتھ حقارت آمیز رویہ اختیار نہ کرتا۔ یہ رویہ اس بات سے ظاہر ہوتا ہے کہ پیر کو ایک طرف الیکشن کمیشن نے ارکان پارلیمنٹ کے وفد سے ملاقات کے معاملے میں تکنیکی رویہ اپنایا تو دوسری طرف انتظامیہ نے جابرانہ رویہ کا مظاہرہ کرتے ہوئے رکاوٹیں کھڑی کر کے ارکان اسمبلی کو حراست میں لے لیا۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر ملک کے دارالحکومت میں منتخب ارکان پارلیمنٹ کو احتجاج کی اجازت نہیں ہے تو پھر عام شہری اپنے لیے کیا امید رکھ سکتے ہیں۔ واضح طور پر، اختلاف رائے کی آواز کو دبانا ہندوستانی جمہوریت کے لیے اچھی علامت نہیں ہے۔ اس سے وہ شکوک مزید گہرے ہو جائیں گے، جن کا اظہار اپوزیشن ممبران پارلیمنٹ نرواکن بھون جا کر کرنا چاہتے تھے یا جس کے لیے وہ پارلیمنٹ میں اس معاملے پر بحث کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ حکمران جماعت اور آئینی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے شکوک وشبہات کو دور کرنے کے لیے فوری طور پر قابل اعتماد اقدامات کریں۔ اس کا آغاز اپوزیشن کے ساتھ بات چیت کے ذریعے کیا جا سکتا ہے، جس کے لیے الیکشن کمیشن کو پیر تک کا موقع ملا ہے لیکن اس نے اپوزیشن کے احتجاج پر سخت اور حقارت آمیز رویہ اپنا کر یہ موقع گنوا دیا ہے۔ یہ انتہائی افسوس ناک ہے۔

## راہل کی "ووٹر ادھیکار یاترا" سے کانگریس کو امیدیں



ڈاکٹر مظفر حسین غزالی

بہار کے ساسارام سے شروع ہوئی "ووٹر رائٹس یاترا" کو عوام کی زبردست حمایت مل رہی ہے۔ بھیڑ کے امڑنے سے جہاں کانگریس کی امیدوں کو پر لگے ہیں وہیں بی جے پی کے خیمہ میں ہل چل ہے۔ یہ یاترا تیجسوی راہل دونوں کی ہے، لیفٹ کے لال جھنڈے بھی بڑی تعداد میں اس میں شامل ہیں۔ سماجی بنیاد پر بنی مقامی پارٹیاں بھی اس کا حصہ ہیں لیکن طاقت آر جے ڈی کی ہے۔ بہار میں ہار جیت بھی آر جے ڈی کی ہی ہونی ہے۔ راہل تیجسوی نے "ووٹر رائٹس" کو یہاں عوامی ایشو بنا دیا ہے الیکشن کمیشن نے ایس آئی آر کے نام پر 6564000 ووٹ کاٹ دیئے ہیں۔ ان میں سے تقریباً بیس لاکھ کو مرا ہوا بتایا گیا ہے۔ راہل گاندھی نے یاترا سے ایک دن قبل ان لوگوں کے ساتھ چائے پی جن کا ووٹ مرا ہوا بتا کر کاٹا گیا ہے۔

الیکشن کمیشن نے غیر قانونی طور پر رہنے والے غیر ملکی شہری، روزی روٹی کی تلاش میں بہار سے ہجرت کر دوسری جگہ رہنے، مرنے، ڈپلی کیٹ ووٹ ہونے یا پھر بی ایل او کے سفارش نہ کرنے کو ووٹ کاٹنے کی وجہ بتایا تھا لیکن راہل گاندھی نے انتخابی کمیشن کے جھوٹ سے پردہ اٹھایا تو کمیشن نے گھبرا کر عین اس وقت پریس کانفرنس بلائی جب بہار میں راہل تیجسوی کی یاترا شروع ہونے والی تھی۔ پریس کانفرنس میں میڈیا کے تمام ہی نمائندے موجود تھے لیکن پچاس منٹ چلی اس کانفرنس میں چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے کسی بھی سوال کا سیدھا جواب نہیں دیا۔ وہ سوالوں کو بھٹکاتے رہے اور پھر اٹھ کر چلے گئے۔ میڈیا نے یہ بھی معلوم کیا کہ جو سوال راہل گاندھی نے اٹھائے ہیں وہی سوال بی جے پی کے ترجمان انوراگ ٹھاکر نے بھی اٹھائے ہیں۔ انہوں نے چھ چھ پارلیمانی حلقوں میں لاکھوں ووٹوں کی ہیرا پھیری کا الزام لگایا ہے۔ پھر ان کے ساتھ کمیشن کا وہ رویہ کیوں نہیں ہے جو راہل کے ساتھ ہے۔ اس سے راہل کے شکوک و شبہات اور سوالوں کو تقویت ملی۔ پیر کو پارلیمنٹ میں اپوزیشن نے حکومت سے ووٹ چوری کے مسئلہ پر بحث کرانے کی مانگ کی۔ جسے حکومت نے یہ کہہ کر مسترد کر دیا کہ یہ مسئلہ عدالت میں سماعت ہے، پارلیمنٹ کی کاروائی ملتوی ہو گئی۔ اپوزیشن اپنی مانگ پر اڑا رہا اور اس نے تینوں الیکشن کمشنر کے فوٹو کے ساتھ پارلیمنٹ کے احاطہ میں احتجاج کیا۔ سوال یہ ہے کہ اگر اس مسئلہ پر عدالت میں زیر سماعت ہونے کی وجہ سے بحث نہیں ہو سکتی، تو پھر اس مسئلہ پر الیکشن کمیشن نے پریس کانفرنس کیوں کی؟

کمیشن اور حکومت نے یہ کہہ کر بھی عام کو گمراہ کیا کہ اس سے قبل بھی ایس آئی آر ہو چکی ہے جبکہ ووٹر لسٹ کے ریویزن تو ہوئے ہیں لیکن ایس آئی آر کبھی نہیں ہوئی۔ 2003ء میں بھی ریویزن ہی ہوا تھا۔ اس میں نہ کوئی فارم بھروایا تھا اور نہ ہی کوئی دستاویز طلب کیا تھا۔ 1960 کے رائے دہندی قانون کے تحت اگر کسی وجہ سے ووٹر لسٹ سے نام کٹ گیا تو دوبارہ جڑوانے کیلئے فارم 4 بھرا جاتا ہے۔ لیکن گیانیش کمار نے اپنے قانون بنا رکھے ہیں اس کے مطابق فارم 6 بھروایا جاتا ہے جبکہ فارم 6 نئے ووٹر کیلئے ہے۔ راہل گاندھی نے بنگلورو سینٹر کی مہادیو پورا سیٹ کے جو اعداد و شمار جاری کیے ہیں اس میں 60-70 سال کے لوگوں کے نام فارم 6 کے ذریعہ جوڑے گئے ہیں۔ اسی طرح قانون میں بی ایل او کی سفارش کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ راہل گاندھی نے تو صرف دس سوال پوچھے ہیں مگر ووٹر لسٹ میں اتنی گڑبڑیاں ہیں کہ سو سوال پوچھے جا سکتے ہیں۔

بہار میں الیکشن کے آس پاس ووٹر لسٹ ریویزن نہ کرنے کی الیکشن کمیشن نے خود اپنے اوپر بندش لگائی تھی لیکن ایس آئی آر کی کاروائی شروع کر کے نہ صرف اس نے اپنے فیصلہ کو مسترد کیا بلکہ عوام میں زبردست بے چینی بھی پیدا کر دی۔ بہار ایسی ریاست ہے جہاں مرکزی و ریاستی حکومت کی اسکیموں سے فائدہ اٹھانے والوں کی تعداد زیادہ ہے۔ ووٹر لسٹ میں نام کو لوگ اپنی شناخت سے جوڑ کر دیکھ رہے ہیں۔ انہیں لگ رہا ہے کہ اگر نام کٹ گیا تو انہیں اسکیموں کا فائدہ نہیں ملے گا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی امیدیں راہل کے ساتھ جڑ گئی ہیں۔ 17 دنوں کی اس یاترا میں راہل گاندھی تقریباً 1600 کلو میٹر پیدل چلیں گے۔ یاترا ضلع، قصبہ اور دیہی علاقوں سے گزر کر یکم ستمبر کو پٹنہ پہنچے گی۔ جہاں گاندھی میدان کی ریلی میں اس کا اختتام ہوگا۔ اس سے قبل راہل جنوب سے شمال 4000 کلو میٹر اور مغرب سے مشرق 6600 کلو میٹر کی یاترا کر چکے ہیں۔ اس کا کانگریس کو فائدہ ہوا 2024ء کے الیکشن میں 1 سے 99 سیٹیں ملیں۔ راہل نے کانگریس میں دوبارہ جان پھونکی جبکہ ملائی باز کانگریسی لیڈروں نے کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے جس طرح کام کیا ہے اس نے مودی کو بیک فوٹ پر پہنچا دیا ہے۔ وہ اس وقت اپنے پیک پر ہیں، عوام کا ان میں بھروسہ بنا ہے۔


راہل تیجسوی کی یاترا سے مہا گٹھ بندھن کے حق میں زبردست ماحول بننے کی توقع ہے۔ اس کو برقرار رکھنے کے لئے کانگریس کو اپنے بڑ بولے لیڈران کو کنٹرول میں رکھنا ہوگا۔ یہ مغرور لوگ کانگریس کا کچھ بھلا نہیں کر سکتے خود اپنی سیٹ بھی نہیں نکال سکتے لیکن نقصان ضرور پہنچا سکتے ہیں۔ پارٹی میں اب بھی کئی رکن ایسے ہیں جو گٹھ بندھن، تیجسوی اور لالو کے خلاف بولنے کا کوئی موقع نہیں چھوڑتے۔ اس کا بی جے پی کو فائدہ ہوتا ہے اور کانگریس کو نقصان۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کانگریس نے سماجوادی پارٹی کے ساتھ ٹھیک سے مل کر 2024ء کا الیکشن لڑا تو کانگریس کو چھ سیٹیں آ گئیں 37 سیٹوں پر سماجوادی پارٹی کو کامیابی ملی۔ 2019ء میں 80 میں سے 63 سیٹیں جیتنے والی بی جے پی 33 سیٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر کی پارٹی بنکر رہ گئی۔

راہل تیجسوی کی یاترا سے مہا گٹھ بندھن کے حق میں زبردست ماحول بننے کی توقع ہے۔ اس کو برقرار رکھنے کے لئے کانگریس کو اپنے بڑبولے لیڈران کو کنٹرول میں رکھنا ہوگا۔ یہ مغرور لوگ کانگریس کا کچھ بھلا نہیں کر سکتے خود اپنی سیٹ بھی نہیں نکال سکتے لیکن نقصان ضرور پہنچا سکتے ہیں۔ پارٹی میں اب بھی کئی رکن ایسے ہیں جو گٹھ بندھن، تیجسوی اور لالو کے خلاف بولنے کا کوئی موقع نہیں چھوڑتے۔ اس کا بی جے پی کو فائدہ ہوتا ہے اور کانگریس کو نقصان۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کانگریس نے سماجوادی پارٹی کے ساتھ ٹھیک سے مل کر 2024ء کا الیکشن لڑا تو کانگریس کو چھ سیٹیں آ گئیں 37 سیٹوں پر سماجوادی پارٹی کو کامیابی ملی۔ 2019ء میں 80 میں سے 63 سیٹیں جیتنے والی بی جے پی 33 سیٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر کی پارٹی بنکر رہ گئی۔

اس وقت کانگریس قیادت کو اپنے کارکنان کو یہ واضح پیغام دینا ہوگا کہ بہار میں وہ مہا گٹھ بندھن کا حصہ ہیں۔ انہیں آر جے ڈی کے ساتھ مل کر الیکشن لڑنا ہے۔ سیٹوں کے بٹوارے کو لے کر کسی بھی طرح کے تنازعہ سے بچنا ہے۔ اگر کوئی بھی گٹھ بندھن کی پالیسی اور پارٹی لائن کی خلاف ورزی کرے گا تو اسے باہر جانے سے کوئی نہیں بچا سکے گا۔ یاترا کو مل رہی حمایت کی وجہ سے کانگریسیوں کے کچھ زیادہ ہی پر جوش ہونے کا امکان ہے۔ ابھی سے 100-90 سیٹوں پر لڑنے کی بات ہونے لگی ہے۔ یاترا جیسے جیسے آگے بڑھے گی یہ مانگ اور بڑھتی جائے گی۔ پچھلی مرتبہ کانگریس نے 70 سیٹوں پر الیکشن لڑا تھا اور صرف 19 سیٹیں جیتی تھیں۔ جن میں سے اس کے پاس اب 17 سیٹیں ہی ہیں۔ 2015ء میں کانگریس کے پاس 27 سیٹیں تھیں جن میں سے آدھے سے زیادہ نتیش کمار کے ساتھ چلے گئے تھے۔ اس لئے راہل کو یہاں سختی دکھانی ہوگی اور توازن رکھنا ہوگا۔ انہیں بتانا ہوگا کہ الیکشن تیجسوی اور لالو کو کمزور کرنے کے لئے نہیں بلکہ نریندر مودی کمزور کرنے کے لئے لڑا جا رہا ہے۔

بی جے پی ووٹ چوری کے معاملہ پر شاید یہ سوچ کر خاموش ہے کہ ووٹ کٹنے اور ووٹ بڑھنے کا فائدہ اسے ملے گا۔ عوام یہ سب دیکھ رہے ہیں اسے سمجھ میں آ رہا ہے کہ بی جے پی اپنے فائدہ کے لئے ہمیں پریشان کر رہی ہے۔ اگر اس نے سوچ لیا کہ چاہے جو ہو جائے ہم بی جے پی کا فائدہ نہیں ہونے دیں گے۔ ایسے میں بی جے پی کو کوئی نہیں بچا سکتا۔ لیکن اس کے لئے مہا گٹھ بندھن کے سبھی ساتھیوں کو اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ عوام کو یہ بتانا ہوگا کہ ہم مل کر اس کے مسائل کو حل کریں گے۔ ڈرا کر یا گمراہ کر کے اس کے ووٹ لینے کے لئے نہیں بلکہ اس کی بھلائی اور ترقی کے لئے کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ راہل کی یاترا سے وہاں کے عوام یہی امید کر رہے ہیں۔

## مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن نہیں تو مذہب کی بنیاد پر پابندی کیوں؟



جاوید اختر بھارتی

آجکل سوشل میڈیا پر اور اخباروں میں دلت مسلمان اور پسماندہ مسلمان کا لفظ خوب نظر آ رہا ہے ایک وقت تھا کہ جب کوئی شخص پسماندہ مسلمانوں کی بات کرتا تھا تو مذاق اڑایا جا رہا تھا لیکن کہنے والے نے کہا تھا کہ ایک دن پورے ملک میں لفظ پسماندہ گونجے گا اور آج وہ بات سچ ثابت ہوئی یعنی لفظ پسماندہ چل پڑا ہے اور اب رکنے کا نام نہیں لے رہا ہے بلکہ اب تو دلت مسلمان کا لفظ بھی بڑے اچھے اچھے لوگوں کی زبان سے ادا ہو رہا ہے پارلیمنٹ سے لے کر اسمبلی تک اور شاہراہوں سے لے کر اسٹیج تک دلت مسلمان اور پسماندہ مسلمان کی بات ہو رہی ہے اور ہونی بھی چاہئے بلکہ بہت پہلے ہی سے ہونی چاہئے تھی بہرحال جب سے جاگو تب سے سویرا۔ یہ حقیقت ہے کہ ملک کے آئین کے تحت مذہبی بنیاد پر ریزرویشن نہیں ہے بلکہ سچائی پر مبنی ایک لکیر کھینچی گئی ہے اور اس لکیر اس دائرے میں ایسے لوگ ہیں جو سیاسی وسماجی اور تعلیمی اعتبار سے پیچھے رہ گئے ہیں اور یہ بھی سچائی ہے کہ ان کو پیچھے رکھا بھی گیا ہے اور اس سماج کی آبادی پچاسی فیصد ہے اور اسی کو پسماندہ (بیک ورڈ) کہا جاتا ہے۔

مسلمانوں میں کچھ برادریاں ایسی ہیں جو دلت کے زمرے میں آتی ہیں اور ایسی بھی برادریاں ہیں جو پیشے کے اعتبار سے مذہبی بنیاد پر ایک جیسی ہیں بس کچھ کے نام الگ الگ ہیں اور کچھ کے نام بھی ایک جیسے ہیں مثلاً دھوبی، نٹ، کھٹک، پاسی، حلال خور، موچی وغیرہ وغیرہ یہ دلت میں آتے ہیں اور جب آئین مرتب ہوا تو ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے ان برادریوں کو دلت کے زمرے میں رکھا اور انہیں مخصوص سہولت فراہم کی اس میں مذہبی پابندی نہیں رکھی اور یہ سہولت جس دفعہ کے تحت فراہم کی گئی وہ دفعہ 341 کہلائی لیکن 10 اگست 1950 کو کانگریس کے دور حکومت میں اس دفعہ 341 میں پیرا 3 کا اضافہ کر کے مسلمانوں کی ان برادریوں کو اس مخصوص سہولت یعنی دلت ریزرویشن سے محروم کر دیا گیا،، اب یہیں سے سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب مذہبی بنیاد پر ریزرویشن نہیں ہے تو مذہبی بنیاد پر ریزرویشن پر پابندی کیوں ہے اور آج کانگریس سینہ ٹھونک ٹھونک کر پسماندہ ہندو مسلم کی بات کرتی ہے لیکن اپنی اس کارستانی کا ذکر آج بھی نہیں کرتی ہے پھر کیسے مان لیا جائے کہ پسماندہ مسلمانوں کے تئیں کانگریس کی نیت صاف ہے اور پسماندہ مسلمانوں کی لڑائی لڑنے والے جو کانگریس میں شامل ہوئے ہیں وہ بھی بتائیں کہ کانگریس میں ان کی شمولیت کا مقصد کیا ہے کیا کانگریس نے اپنی 1950 کی غلطی کی معافی مانگ لی ہے؟ کیا کانگریس نے کہا ہے کہ ہماری حکومت بنی تو ہم اپنی اس غلطی کا ازالہ کریں گے اور دفعہ 341 پر لگی مذہبی پابندی کو ختم کریں گے اور ہندو دلتوں کی طرح مسلم دلتوں کو بھی ریزرویشن دیں گے؟

یہ بھی سچائی ہے کہ 1950 میں جب دلت مسلمانوں کے ریزرویشن پر پابندی عائد کی گئی تو اس وقت کے بڑے بڑے مسلم سیاسی لیڈران نے اس کی مخالفت نہیں کی اور اس کے بعد بھی طویل عرصے تک مخالفت نہیں کی گئی اور آج بھی مسلمانوں کے نام پر بنی بڑی بڑی تنظیموں میں سے بہت سی تنظیمیں خاموش ہیں جبکہ ان تنظیموں کا وجود انہیں سماج کی بدولت برقرار ہے وہ تو جب خود پسماندہ و دلت مسلمانوں نے کمیٹیاں بنائی تو ان تنظیموں میں سے کچھ نے لب کشائی کرنا شروع کیا اور تنظیموں کے ذمہ داران بہت دنوں تک سبھی مسلمانوں کے لئے ریزرویشن کی مانگ کرتے رہے اور سارے مسلمانوں کی حالت دلتوں سے بدتر بتاتے رہے جبکہ انہیں بھی معلوم ہے کہ مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن نہیں ہے اس طرح ان کی بھی نیت شک کے دائرے میں تھی۔

بہرحال اب تو لفظ پسماندہ چل پڑا ہے تو جو لوگ پہلے سے چلا رہے تھے وہ تو آج بھی چلا رہے ہیں لیکن جو مخالفت کر رہے تھے اب وہ بھی لفظ پسماندہ چلانے کی کوشش کر رہے ہیں، اس سال 10 اگست کو کسی نے یوم سیاہ منایا تو کسی نے بتی گل اندھیرا کرنے کی اپیل کی مختلف پارٹیوں اور سماجی شخصیات و تنظیموں نے جلوس نکالا اسٹیج لگایا اور مطالبہ کیا کہ دفعہ 341 سے مذہبی پابندی ہٹائی جائے۔

10 اگست 1950 کو اس وقت کی کانگریس حکومت کے ذریعے خصوصی آرڈیننس کی مدد سے آئین کی دفعہ 341 میں ترمیم کر کے مذہبی پابندیاں مسلم اور عیسائی مذہب کے دلت طبقات کے ریزرویشن ختم کرنے کے خلاف مختلف اضلاع کے ہیڈ کوارٹر پر مظاہرہ ہوا اور ضلع انتظامیہ کے توسط سے وزیر اعظم کے نام میمورنڈم بھی دیا گیا۔ دلت مسلمانوں کے ریزرویشن کیلئے آوازیں تو اب اٹھ رہی ہیں لیکن آج بھی ان پلیٹ فارموں سے آواز بلند نہیں ہوتی جس پلیٹ فارم سے کبھی ملک و ملت بچاؤ کانفرنس کی جاتی ہے، کبھی تحفظ جمہوریت کانفرنس کی جاتی ہے، کبھی تحفظ مدارس کانفرنس کی جاتی ہے، کبھی کل مذاہب کانفرنس کی جاتی ہے اور ایک اسٹیج پر سبھی مذاہب کے رہنماؤں کو بلایا جاتا ہے اس پلیٹ فارم سے اور اس اسٹیج سے کبھی دلت مسلم ریزرویشن کی آواز نہیں اٹھائی جاتی، کبھی پسماندہ و دلت مسلم تحفظ کانفرنس نہیں کرائی جاتی آخر کیوں؟ اور جب اس پلیٹ فارم سے دلت مسلمانوں کیلئے ریزرویشن کی آواز نہیں اٹھائی جاتی ہے اور دفعہ 341 پر عائد مذہبی پابندی ہٹانے کا مطالبہ نہیں کیا جاتا ہے تو پھر اسی پلیٹ فارم کے ذمہ دار انفرادی طور پر مختلف اسٹیج سے دلت مسلمانوں کے ریزرویشن کی بات کیوں کرتے ہیں؟ یہ سستی شہرت کا بھوکا پن نہیں تو اور کیا ہے یہ معاملہ اور یہ بات اور نام نہاد مسلم لیڈران کا طرز عمل دلت و پسماندہ مسلمانوں کو بھی سمجھنا ہوگا کہ جو بات انفرادی طور پر خطاب میں کہا جاتا ہے اسی بات کو اپنے پلیٹ فارم اور اس تنظیم کے بینر تلے اس اسٹیج سے کہنے سے پرہیز کیوں جاتا ہے اور شرم کیوں محسوس کیا جاتا ہے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ آزادی کا بنیادی مقصد ملک کے تمام طبقات کو سیاسی، سماجی، اقتصادی اور تعلیمی بیداری و ترقی کے لئے یکساں مواقع فراہم کرنا تھا اور اسی وجہ سے مذہب، ذات برادری، طبقے، نسل، جنس زبان کی تفریق کے بغیر تمام طبقات کی پسماندگی کو دور کرنے اور ان کا معیار زندگی بلند کرنے کے لئے صدیوں سے ناانصافی کا شکار رہنے والوں کو ریزرویشن جیسی سہولت فراہم کی گئی لیکن جواہر لعل نہرو کی قیادت میں آزاد ہندوستان کی پہلی کانگریس حکومت نے سماج کے مختلف دلت طبقات کے ساتھ امتیازی سلوک کیا اور ریزرویشن سے متعلق آئین کے آرٹیکل 341 میں ترمیم کر کے مذہبی پابندیاں لگا دیں۔


جواہر لعل نہرو حکومت نے 10 اگست 1950 کو خصوصی آرڈیننس پاس کیا، آرٹیکل 341 میں یہ شرط لگا دیا کہ ہندو مذہب کے علاوہ کسی دوسرے مذہب کے ماننے والے درج فہرست ذات کے لوگ ریزرویشن کے اہل نہیں ہوں گے جبکہ نہرو حکومت کا یہ فیصلہ پوری طرح آئین کی خلاف ورزی تھا اب یہاں پھر وہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب مذہبی بنیاد پر ریزرویشن نہیں تو مذہبی بنیاد پر پابندی کیوں؟ اور دوسرا سوال یہ بھی ہوتا ہے کہ اس وقت کے مسلم سیاستداں خاموش کیوں؟

ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے سینے میں اپنی قوم کا درد تھا جس کے لئے انہوں نے سہولت دی مگر دائرہ اتنا وسیع رکھا کہ مذہبی پابندی نہیں رکھی بلکہ جو بھی اس زمرے میں آئے سب کا بھلا ہو سکے لیکن مسلم سیاستدانوں کے سینے میں اپنی قوم کا درد نہیں تھا اگر ہوتا تو زبان بند نہیں رہتی،، یہاں تک کہ 1956 میں سکھوں اور 1990 میں بدھ مذہب کے ماننے والوں کو نئی ترامیم کے ذریعے اس فہرست میں شامل کر لیا گیا لیکن پھر بھی مسلم اور عیسائی دلتوں کو اس فہرست سے باہر رکھا گیا پھر بھی مسلم رہنمائے سیاست خاموش رہے نتیجہ یہ ہوا کہ یہ دونوں دلت طبقہ ہندو ہم پیشہ ہو کر بھی ریزرویشن سے محروم ہے۔

ہاں یہ بھی ایک المیہ ہے کہ مسلمانوں کے دبے کچلے لوگوں کی کوئی تنظیم بھی بنتی ہے تو کچھ ہی دنوں میں اسی نام کی درجنوں تنظیمیں بن جاتی ہیں جیسے بہت پہلے ایک مومن کانفرنس تھی لیکن 1990 کے بعد درجنوں مومن کانفرنس بن گئی اور درجنوں قومی صدر ہو گئے،، انڈین بیک ورڈ مسلم کانفرنس بنی، آل انڈیا بیک ورڈ مسلم موچہ بنا، 2000 کے آس پاس میں آل انڈیا پسماندہ مسلم محاذ بنا اور آج درجنوں آل انڈیا پسماندہ مسلم محاذ ہے، درجنوں قومی صدر ہیں اور نتیجہ یہ ہے کہ پسماندہ و دلت مسلمان آج بھی سیاسی شعور و سیاسی بیداری سے محروم ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ پسماندہ مسلمان تنظیم کو فعال بنانے اور اس کا دائرہ وسیع کرنے کے بجائے اپنا قد وسیع کرنے میں لگ جاتا ہے،، سرکاری وسائل ملنے کے بعد بھی تنظیم کو فعال اور وسیع نہیں کیا جاتا اس سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ہم بھی یہی چاہتے ہیں کہ ہماری جتنی پہنچ ہے اس پہنچ تک دوسرا نہ پہنچے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کچھ راہ ہموار ہونے کے بعد بھی سارا کھیل بگڑ جاتا ہے پھر عوام کا اعتماد حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے اور راقم نے ایسا ماحول، ایسا منظر اور ایسا طرز عمل خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

□□□

## ووٹ چوری ہوئی تو جمہوریت بے معنی



عبدالعزیز

جمہوریت میں ووٹ کی غیر معمولی اہمیت ہے۔ ہر فرد کا ایک ووٹ ہوتا ہے خواہ وہ امیر ہو یا غریب۔ بڑے عہدے پر فائز ہو یا چھوٹے عہدے پر ہو۔ چپراسی ہو یا وزیر ہو۔ اگر یہ برابری ختم کر دی جاتی ہے اور ووٹوں میں دھاندلی اور چوری ہوتی ہے تو جمہوریت بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے۔ مہاراشٹر کے اسمبلی الیکشن کے بعد راہل گاندھی کا ایک مضمون ووٹوں کی چوری سے متعلق انگریزی اخبار 'انڈین ایکسپریس' اور دیگر ہندی اخبارات میں شائع ہوا تھا۔ راہل گاندھی نے مہاراشٹر کے اسمبلی الیکشن میں کس طرح کی دھاندلی اور چوری ہوئی اسے اعداد و شمار کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ پیش کیا تھا۔ انھوں نے یہ بتایا تھا کہ پانچ سال میں ووٹر لسٹ میں ووٹروں کی جو تعداد بڑھی تھی اس سے کہیں زیادہ پانچ مہینے میں یعنی لوک سبھا کے الیکشن سے اسمبلی الیکشن سے کچھ پہلے تک ووٹر لسٹ میں ووٹوں کا اضافہ کر دیا گیا تھا۔ جہاں جہاں یہ اضافہ ہوا تھا وہاں وہاں بی جے پی اور ان کے حلیفوں کے امیدواروں کی کامیابی ہوئی تھی۔ حالانکہ کانگریس اور اس کے حلیفوں کے حق میں لوک سبھا کے برابر ہی ووٹ پڑے۔ اس تفصیلی وضاحت اور تشریح کے بعد ہی سے ووٹوں کی چوری کا چرچا ملک کے کونے کونے میں ہونے لگا، لیکن 7 اگست 2025ء کو راہل گاندھی نے کرناٹک کے ایک اسمبلی حلقہ مہادیو پورہ میں ووٹوں کی چوری اعداد و شمار کے ساتھ اسکرین پر دکھایا۔ انھوں نے بتایا کہ "سی سی ٹی وی فوٹیج کا مطالبہ الیکشن کمشنر سے کیا تھا لیکن الیکشن کمشنر نے دینے سے انکار کیا۔ اس کے عوض ووٹر لسٹ کی ہارڈ کاپی دینے پر رضا مند ہوا۔ یہ کاپیاں اتنی بڑی تعداد میں تھیں کہ ان کی جانچ پڑتال کرنا آسان نہیں تھا۔ ہماری ٹیم کو تقریباً 6 مہینے کی مدت جانچ پڑتال میں صرف ہوئی"۔

راہل گاندھی کی پریس کانفرنس میں جس صفائی اور بے باکی کے ساتھ پرزنٹیشن کیا گیا اس سے ملک ہل سا گیا۔ یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا کہ اسمبلی کے ایک حلقہ میں ایک لاکھ، دو ہزار، پچیس ووٹوں کی چوری ہو سکتی ہے۔ راہل گاندھی نے دکھایا کہ ایسے بے شمار ووٹرس فہرست رائے دہندگان میں داخل ہیں جن کا پتا '0' (صفر) ہے۔ لسٹ میں ایسے ووٹرس بھی شامل ہیں جو چالیس پینتالیس کی تعداد میں ایک چھوٹے سے کمرے میں رہتے ہیں جس میں مشکل سے ایک آدمی رہ سکتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی دکھایا کہ ایک ہی فرد کا تین چار ریاستوں کی ووٹر لسٹ میں نام ہے۔ راہل گاندھی کی یہ پریس کانفرنس بجلی بن کر الیکشن کمیشن اور بی جے پی کے لیڈروں اور کارکنوں پر گری۔ الیکشن کمشنر سے کہیں زیادہ بی جے پی کے لیڈران راہل گاندھی کو طرح طرح سے جواب دینے لگے۔ ووٹ چوری کا الزام الیکشن کمیشن پر لگایا گیا تھا، اس حقیقت بیانی کے ساتھ کہ الیکشن کمشنر بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کے لئے ووٹ چوری کر رہا ہے۔ الیکشن کمشنر نے راہل گاندھی کے زبردست پرزنٹیشن کو کمزور کرنے کے لئے دھمکی آمیز انداز میں کہا کہ "راہل گاندھی اپنا شکایت نامہ حلف نامہ کے ساتھ دینا ہوگا"۔ راہل گاندھی نے ایک شیر کی طرح گرجتے ہوئے الیکشن کمشنر کو مخاطب کر کے کہا کہ "میں لیڈر آف دی اپوزیشن ہوں، میں نے پارلیمنٹ میں حلف لیا ہے، مجھے حلف لینے کی کیا ضرورت ہے، حلف تو الیکشن کمشنر کو لینا چاہئے اور سچائی کے ساتھ سامنے آنا چاہئے"۔ الیکشن کمشنر کی اس بیان بازی کو لوگوں نے ایک مذاق سمجھا اور بعض لوگوں نے یہ کہا کہ "الیکشن کمشنر کی دھمکی حماقت اور نادانی پر مبنی ہے، کیونکہ اگر کوئی شخص تھانہ میں جا کر کسی کے خلاف شکایت درج کرانا چاہے تو تھانیدار کو ہرگز یہ قانونی حق نہیں ہے کہ وہ شکایت کنندہ یہ کہے کہ حلف نامہ کے ساتھ اپنی شکایت درج کرائیے"۔ سوشل میڈیا میں خاص طور پر الیکشن کمشنر کے بیان کی سخت مخالفت ہوئی جس سے ان کے بیان کی ہوا نکل گئی۔

راہل گاندھی کی 7 اگست کی پریس کانفرنس کے ساتھ ساتھ بہار میں 25 جون سے ووٹروں کی خصوصی نظر ثانی (SIR) شروع ہوئی اس کے خلاف پورے بہار میں اور بہار کے باہر بھی مخالفت بڑے پیمانے پر ہونے لگی۔ سپریم کورٹ میں بھی لوگوں نے اس کے خلاف مقدمہ دائر کیا۔ مقدمہ دائر کرنے والوں نے یہ مانگ کی تھی کہ SIR کے پروسیس کو ختم کر دیا جائے اور ساتھ ساتھ ووٹر بنانے کے لئے جو 11 شرائط الیکشن کمیشن کی طرف سے دی گئی ہیں اس میں آدھار کارڈ، راشن کارڈ اور ووٹر آئی کارڈ کو شامل کیا جائے۔ ایک مطالبہ اور بھی تھا کہ 65 لاکھ لوگوں کو رائے دہنگان کی فہرست سے نکال دیا گیا ہے اس کی لسٹ منظر عام پر لائی جائے اور جن لوگوں کو ووٹر لسٹ سے نکالا گیا ہے اس کی وجہ بھی درج کی جائے۔ الیکشن کمشنر کی طرف سے بار بار کہا گیا کہ وہ پینسٹھ لاکھ لوگوں کی لسٹ عام لوگوں کے لئے شائع نہیں کرے گا اور نہ ہی آدھار کارڈ کو ووٹر بننے کے لئے شرائط کی فہرست میں شامل کیا جائے گا۔ مقدمے کی سماعت کے دوران یوگیندر یادو نے ایسے کئی لوگوں کو کمرۂ عدالت میں لے جانا چاہا جن کا نام ووٹر لسٹ سے حذف کر دیا گیا تھا اور ان کو مردہ قرار دے دیا گیا تھا۔ کورٹ کی طرف سے دو افراد کو اندر لے جانے کی اجازت دی گئی۔ یوگیندر یادو نے تین ججوں کے پینل کے سامنے ایسے دو افراد کو پیش کیا یہ کہتے ہوئے کہ "یہ زندہ لوگ ہیں جنھیں الیکشن کمشنر نے مردہ قرار دیا ہے"۔

مقدمے کی آخری سماعت میں ججوں نے اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا کہ 48 گھنٹے میں ان 65 لاکھ لوگوں کے نام اور پتے کے ساتھ جن کو ووٹر لسٹ سے حذف کیا گیا ہے منظر عام پر لایا جائے۔ اس کے ساتھ ہی وجہ بھی درج کی جائے کیوں ان کا نام ووٹر لسٹ سے حذف کیا ہے؟ یہ اپوزیشن پارٹیوں کی بہت بڑی جیت تھی اور الیکشن کمیشن کی ایک بڑی شکست تھی۔ اس کے باوجود الیکشن کمیشن کی بیان بازی میں کوئی کمی نہیں آئی۔

راہل گاندھی نے اعلان کیا تھا کہ وہ بہار میں اپوزیشن پارٹیوں کے لیڈروں کے ساتھ "ووٹر ادھیکار یاترا" 17 دن تک نکالیں گے۔ اس اعلان سے بی جے پی کے خیمے اور الیکشن کمیشن کے اندر خوف زدگی پیدا ہو گئی۔ راہل گاندھی کے ووٹر ادھیکار یاترا کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے الیکشن کمشنر اپنے دو رفقائے کار کے ساتھ پریس کانفرنس 17 اگست کو کی جو انتہائی شرمناک اور نہایت ہی احمقانہ انداز میں کی گئی۔

راہل گاندھی نے یا اپوزیشن پارٹیوں کے لیڈران نے جو سوال اٹھائے تھے ان میں سے کسی ایک کا بھی جواب دینے کی کوشش نہیں کی گئی اور نہ ہی پریس کانفرنس میں شریک نامہ نگاروں کے سوالوں کے جواب دیئے گئے۔ یہ پریس کانفرنس بھی عجوبہ قسم کی تھی۔ ہر پریس کانفرنس میں پریس کانفرنس کرنے والے کی مختصر تقریر کے بعد عام طور پر ایک ایک نامہ نگار کو سوال کرنے کی اجازت دی جاتی ہے اور فوراً اس کا جواب دیا جاتا ہے۔ اس پریس کانفرنس میں کہا یہ گیا کہ تمام نامہ نگار جو سوالات کرنا چاہتے ہیں وہ ایک ایک کر کے سوال کر لیں پھر ان سوالوں کا الیکشن کمشنر جواب دیں گے۔ الیکشن کمشنر کسی سوال کا جواب دینے کے بجائے راہل گاندھی کو ڈرانے اور دھمکانے کی کوشش کی۔ انھوں نے کہا کہ "راہل گاندھی کو سات دنوں میں حلف نامہ دینا ہوگا یا ملک کے سامنے معافی مانگنا ہوگا۔ اس کے سوا تیسرا کوئی آپشن نہیں ہے"۔

سوال یہ بھی کیا گیا تھا کہ "راہل گاندھی کو حلف نامہ دینے اور معافی کی بات کہی جا رہی ہے اور بی جے پی کے انوراگ ٹھاکر نے بھی اسی طرح ووٹوں کی چوری کا الزام لگایا ہے پھر انھیں کیوں نہیں کسی قسم کی دھمکی دی جا رہی ہے؟" اس سوال پر الیکشن کمشنر کو سانپ سونگھ گیا تھا اس لئے انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اسی طرح کے بہت سے سوالوں کے جواب دینے سے وہ قاصر رہے۔ موصوف صفائی میں بیان کر رہے تھے کہ "وہ سی سی ٹی وی فوٹیج کیسے دیں؟ اس سے ہماری ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے تقدس پر آنچ آ سکتی ہے"۔ الیکشن کمشنر ڈگر کے لحاظ سے پڑھے لکھے ہیں۔ ان کی تعلیم بیرون ملک کی بھی ہے۔ آئی آئی ٹی کھڑگپور سے انجینئرنگ بھی کی ہے لیکن وہ انتہائی جہالت کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ ان کو اچھی طرح معلوم ہونا چاہئے کہ مائیں، بہنیں اور بہوئیں سب ووٹ کے دن ووٹ دینے کے لئے لائن میں کھڑی ہوتی ہیں۔ ٹی وی پر اور سوشل میڈیا میں ان کی تصویریں دکھائی جاتی ہیں۔ موصوف کی دو بیٹیاں بھی ڈی ایم ہیں۔ بڑی بیٹی نوئیڈا میں اور اس کا شوہر سہارنپور میں۔ جموں و کشمیر کے شہر سری نگر میں چھوٹی بیٹی آئی ایس آر کی ڈپٹی ڈائریکٹر ہے اور اس کا شوہر سری نگر میں ڈی ایم ہے۔ شوہر اور بیوی کی ایک ہی شہر میں بڑے عہدے پر پوسٹنگ ضابطہ شکنی کے مترادف ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان کی بیٹیاں سرکاری عہدے پر فائز ہیں جہاں عوام اور خواص سے ان کو بھری بزم میں ملنا پڑتا ہے۔ یہاں کے بارے میں انھوں نے ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کے تقدس پر آنچ آنے کی بات نہیں سوچی۔

